سوال

(949) ہم اہل حدیث کہلوائیں یا مسلم ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم اہل حدیث کہلوائیں یا مسلم ؟ قرآن مجید تو ہمارا نام مسلم بتاتا ہے ۔ دوسرے فرقوں کی طرح اہل حدیث بھی تو ایک فرقہ وارانہ نام ہے ؟ (محمد یونس شاکر، نوشہرہ ورکاں)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

دونوں ، قرآن مجید میں مسلمین اور مؤمنین دونوں آئے ہیں ، پھر قرآن مجید میں مہاجرین اور انصار کا بھی تذکرہ ہے ۔ نیز قرآن مجید میں ہے :

{وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَآفَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ}

[التوبة:۱۲۲]

[''اور مسلمانوں کو نہ چاہیے کہ وہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں سو ایسا کیوں نہ کیا جائے کہ ان کی ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت جایا کرے ۔'']

اب غور فرمائیں کیا سب فرقہ واریت ہے ، پھر مقام غور ہے کہ جماعت المسلمین بھی قرآن مجید میں کہیں ہے ؟

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 861

محدث فتویٰ